انانسی اور عفریت

- Ghanaian folktale
- Wiehan de Jager
- Samrina Sana
- Urdu
- Level 3

کافی عرصہ پہلے لوگوں کو کچھ معلوم نہیں ہوتا تھا۔ اُنہیں نہیں پتہ تھا کہ پودے کیسے لگا نے ہیں اور کپڑے کیسے بُننے ہیں اور لو ہے کے اوزار کیسے بنا نے ہیں۔ اور خدا نیا مے جو کہ آسمان پر موجود ہے ساری دُنیا کی عقل رکھتا ہے۔ اُس نے ا سے مٹی کے ایک برتن میں سنبھال رکھا تھا۔

ایک دن نیا مے نے فیصلہ کیا کہ وہ یہ ہڈ کا برتن انانسی کو دیدے۔ انانسی ہر بار اُس ہڈ کے برتن میں دیکھتا اور کچھ نیا سیکھتا۔ یہ بہت دلچسپ تھا۔

لالچی انانسی نے سوچا کہ میں یہ ہنڈی کا برتن ایک لمبے درخت کی چوٹی پر محفوظ رکھوں گا۔ تب یہ سب کچھ میرا ہو گا۔ اُس نے ایک لمبی رسی بُنی اور ہنڈی کے برتن کے ارد گرد اور اپنی کمر پر باندھ دی اور وہ درخت پر چڑھنے لگا لیکن درخت پر چڑھائی کرنا کافی مشکل تھا کیونکہ ہنڈی کا برتن بار بار اُس کے گھٹنوں سے ٹکرا رہا تھا۔

سارا وقت انانسی کا چھوٹا بیٹا درخت کے نیچے کھڑے یہ سب دیکھتا اور کہتا۔ کیا یہ سب آسان نہیں ہو گا اگر آپ اس مٹی کے برتن کو اپنی کمر سے باندھ لیں؟ انانسی نے عقل سے بھرے اُس مٹی کے برتن کو اپنی کمر سے باندھنے کی کوشش کی اور یہ سب بہت آسان تھا۔

اُسے وقت نہیں لگا اور وہ درخت کی چوٹی پر پہنچ گیا۔ لیکن پھر وہ رکا اور اُس نے سوچا میں اکیلا ساری عقل کا مالک ہوں لیکن نیچے کھڑا میرا بیٹا مجھ سے زیادہ عقل مند ہے۔ انانسی اس بات سے اتنا خفا ہوا کہ اُس نے مٹی کا برتن درخت سے نیچے گرا دیا۔

وہ زمین پر گر کر ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔ اب عقل سب میں بانٹنے کے لیے آزادی تھی۔ اور اسطرح لوگوں نے پودے لگانا، کپڑے بُننا، لوہے کے اوزار بنانا اور باقی تمام چیزیں کرنا سیکھیں۔

Storybooks Mauritius

global-asp.github.io/storybooks-mauritius

انانسی اور عقل

Written by: Ghanaian folktale
Illustrated by: Wiehan de Jager
Translated by: Samrina Sana

This story originates from the African Storybook (africanstorybook.org) and is brought to you by Storybooks Mauritius in an effort to provide children's stories in Mauritius's many languages.

This work is licensed under a Creative Commons Attribution 3.0 International License.